AQA

SPECIMEN MATERIAL

GCSE URDU

F

Foundation Tier Paper 1 Listening Test Transcript

Specimen 2019 | Morning | Time allowed: 35 minutes (including 5 minutes' reading time before the test)

FOR INVIGILATOR'S USE ONLY

The pauses are pre-recorded for this test.

Advice

This is what you should do for each item.

- After the question number is announced, there will be a pause to allow you to read the instructions and questions.
- Listen carefully to the recording and read the questions again.
- Listen to the recording again, and then answer the questions.
- When the next question is about to start you will hear a bleep like this (*).
- You may write at any time during the test.
- In **Section A** answer the questions in **English**. In **Section B** answer the questions in **Urdu**.
- You must answer all the questions in the spaces provided. Do not write on blank pages.
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.
- **You must not ask questions or interrupt during the test.**
- You now have five minutes to read through the question paper. You may make notes during this time. You may open your answer book now.
- **The test starts now.**

Once the recording has started, the Invigilator must not pause it, **at any time** as all pauses, including the five minutes' reading time, are pre-recorded.

Section A Questions and answers in **English**

1	M1	میں پندرہ سال کا ہوں۔
2	M1	میں جہاں رہتا ہوں وہ ایک خوبصورت علاقہ ہے۔
3	M1	میں اپنے فارغ وقت میں اپنے دوستوں کے ساتھ باتیں کرنا پسند کرتا ہوں۔
4	M1	میرے دوست کے امی اور ابو مجھے پسند کرتے ہیں۔
5	M1	میں اپنا موبائل فون اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کے ساتھ بات چیت کے لیے استعمال کرتا ہوں۔ اس سے تصویریں بھی لیتا ہوں۔
6	F1	میرے خیال میں موبائل فون پر فضول باتیں کر کے وقت ضائع کرنا مناسب نہیں ۔ میں اپنا موبائل فون زیادہ تر اپنی پڑھائی اور پیغام بھیجنے کے لیے استعمال کرتی ہوں۔
7	M2	میں اپنا موبائل فون پسند کی موسیقی سننے کے علاوہ مختلف کھیلیں کھیلنے کے لیے استعمال کرتا ہوں۔
8	F2	میں ہر روز اسکول پیدل جاتی ہوں۔ اسکول کافی دور ہونے کی وجہ سے میں تھک جاتی ہوں۔
9	F2	مجھے تیرنا بہت پسند ہے لیکن ٹھنڈے پانی سے ڈر لگتا ہے۔
10	F2	میرے خیال میں کھیلوں سے ہم بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں لیکن کچھ کھیل خطرناک بھی ہو سکتے ہیں۔
11	F2	میں گھڑ سواری بڑے شوق سے کرتی ہوں اور مجھے ذرا بھی ڈر نہیں لگتا۔
12	F2	سائیکل سے کئی بار گرنے کے باوجود میں نے سائیکل چلانے کا شوق نہیں چھوڑا۔
13	F2	آج کل بچے بہت زیادہ ٹی وی دیکھتے ہیں جن کی وجہ سے ان کی پڑھائی کا نقصان ہوتا ہے۔

14	F1	ہمارے گھر میں سب کرسمس بہت خوشی سے مناتے ہیں۔ مجھے کرسمس پر گھر سجانا بہت پسند ہے لیکن ہمیں رات کو گرجا گھر جانا پڑتا ہے جو کہ مجھے پسند نہیں ہے۔
15	M2	مجھے نئے سال کی چھٹی بالکل اچھی نہیں لگتی کیونکہ میرے دوست جب یہاں نیا سال مناتے ہیں تو وہ پٹاخے چلاتے ہیں اور بہت لطف اٹھاتے ہیں لیکن ہمارے گھر میں ایسا کچھ نہیں ہوتا۔
16	F2	میں نے دوپہر کا کھانا اپنی سہیلیوں کے ساتھ اسکول میں کھایا۔ میں عموماً سلاد کھاتی ہوں لیکن آج میں نے سبزی اور چاول کھائے۔ میں مالٹے کبھی نہیں کھاتی کیونکہ یہ مجھے کھٹے لگتے ہیں۔
17	M1	آج رات مجھے سب کے لیے کھانا پکانا ہے کیونکہ امی گھر پر نہیں ہیں۔ میں مرغی کا سالن اور روٹی پکاؤں گا۔ میٹھے میں گاجر کا حلوہ بھی بناؤں گا کیونکہ مجھے میٹھا بہت پسند ہے۔
18	F1	میں موسم سرما کی چھٹیوں میں پاکستان گئی تھی۔
19	F1	میرے چچازاد بھائی کی شادی تھی اور وہ چاہتے تھے کہ میں اس شادی میں ضرور آؤں۔
20	F1	زندگی میں پہلی بار تمام رشتہ داروں سے مل کر مجھے بے حد خوشی ہوئی۔
21	F1	وہاں میرا وقت اتنا اچھا اور تیزی سے گزرا کہ میرا واپس آنے کا بالکل دل نہیں چاہتا تھا۔ پتا ہی نہیں چلا کہ ایک ماہ کیسے گزر گیا۔
22	M1	میں عام طور پر سینما جانا نہیں پسند کرتا لیکن اگلے اتوار کو میں اپنے خاندان کے ساتھ ایک فلم دیکھنے جاؤں گا کیونکہ میرے والد صاحب کی سالگرہ ہے۔ اس لیے ہم سب مل کر سلمان خان کی ایک نئی فلم دیکھیں گے۔ یوں تو مجھے مزاحیہ فلمیں پسند نہیں ہیں لیکن اس فلم میں میرا پسندیدہ اداکار شاہ رخ خان ہے اس لیے یہ فلم دیکھ کر مجھے خوشی ہوگی۔ پچھلے سال میں نے ایک تاریخی فلم دیکھی تھی جو بہت رلانے والی تھی لیکن یہ ایک دلچسپ فلم تھی کیونکہ اس کی موسیقی بہت زبردست تھی۔ میں اپنے اسکول کے دوستوں کے ساتھ اگلے مہینے ایک ڈراؤنی فلم دیکھنے جاؤں گا۔

Section B Questions and answers in **Urdu**

Example	**M1**	مثال: کل سارا دن بادل چھائے رہے اس لیے میں ہوٹل میں رہا۔
23	**M2**	میں دھوپ میں ساحل سمندر پر والی بال کھیلتا ہوں۔
24	**M1**	کل بہت گرمی ہو گی اس لیے میں تالاب میں تیراکی کرنے جاؤں گا۔
25	**F1**	اگر بارش ہوئی تو میں خریداری کرنے نہیں جاؤں گی۔
26	**F2**	آج جب صبح برفباری ہوئی تو میں اپنے بھائی کے ساتھ برف میں کھیلی۔
27	**F1**	میں انگریزی پسند نہیں کرتی کیونکہ یہ بہت مشکل ہے۔
28	**M1**	میں ہیڈ ماسٹر صاحب کو پسند کرتا ہوں کیونکہ وہ ملنسار اور محنتی ہیں۔
29	**F2**	میرے موسیقی کے استاد بہت خوش مزاج ہیں لیکن تھوڑے سے سخت بھی ہیں کیونکہ وہ بہت زیادہ ہوم ورک دیتے ہیں۔
30	**M2**	میرے اسکول کی عمارت ہے تو بہت پرانی لیکن بہت شاندار ہے۔

END OF TEST

Copyright © 2016 AQA and its licensors. All rights reserved